نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

یکم مارچ 2011ء

برائے فوری اجراء

043/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سفارتخانہ کی مردان میں طالبات پر ہونے والے ظالمانہ حملے کی مذمت

اسلام آباد (یکم مارچ 2011ء) ___ امریکی سفارتخانہ نے منگل کے روز نامعلوم حملہ آوروں کی جانب سے مردان میں یونیورسٹی کی طالبات پر ہونے والے حملے کی سخت مذمت کی ہے جس میں متعدد طالبات شدید زخمی ہوئیں۔ یہ ایک بزدلانہ اور وحشیانہ حملہ ہے' اور ہماری سوچیں اور دلی ہمدردیاں اس سانحہ میں متاثر ہونے والے افراد کے ساتھ ہیں۔

جان بوجھ کر بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایسا ظلم ہے جسے تمام مہذب افراد مسترد کرتے ہیں۔ امریکہ انتہا پسندی اور تشدد کیخلاف جاری جہد و جہد میں پاکستانی حکومت اور عوام کا ساتھ نبھاتا رہے گا۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔